عبداللطیف خالد چیمہ

# چناب نگر میں علماءِ ختمِ نبوت کی تازہ ترین کامیابی۔۔۔ہاں قدم بڑھائے جا!

چناب نگر (ربوہ) ایک حساس شہر ہے اور منکرین ختمِ نبوت قادیانیوں کے بین الاقوامی ہیڈ کوارٹر ہونے کے حوالے سے پوری دنیا میں شہرت رکھتا ہے اس کا کل رقبہ 2068۔ایکٹر ہے جس میں سے 577۔ایکٹر پہاڑوں پر مشتمل ہے اس کا پہلا نام تو ''چک ڈھگیاں'' تھا 1949ء میں سر فرانسس موڈی اور سر ظفر اللہ خاں قادیانی کی سازش یا سفارش پر 1034۔ایکٹر رقبہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ کو 99 سالہ لیز پر الاٹ کیا گیا 88 کنال 18 مرلہ رقبہ پولیس کی ضرورت کے لئے سرکاری طور پر مختص کیا گیا اور کم و بیش 32۔ایکٹر رقبہ پر بعد میں مسلم کالونی وجود میں آئی اِس کے علاوہ حدود ربوہ اور اِردگرد کے ماحول میں سینکڑوں ایکٹر متفرق خالی سرکاری اراضی پر بھی قادیانیوں اور قادیانی جماعت کا قبضہ و تسلط قائم ہے گزشتہ ساٹھ سالوں میں یہ ناجائز قبضہ ختم کرانے کی بجائے رفتہ رفتہ اِن قبضوں کو قانونی حیثیت دلوانے کی خطرناک سازشیں ہوئیں جن کی الگ تفصیل ہے حکومت کے اعلیٰ عہدوں پر مسلط قادیانی نہ صرف چناب نگر بلکہ کئی اہم مقامات پر اِس قسم کی کاروائیوں میں دن رات لگے ہوئے ہیں گزشتہ دنوں 24 اپریل 2010ء کو ایک قومی اخبار میں اشتہار نیلام عام کے حوالے سے شائع ہوا کہ چناب نگر کی دوجگہوں (درہ سٹاپ 2۔ایکٹر 4 کنال ،عقب بہشتی مقبرہ 12۔ایکٹر 4 کنال) جن کا مجموعی رقبہ تقریباً 15۔ایکٹر بنتا ہے جو کہ پہاڑیوں سے کنکریٹ کے ذریعے خالی ہوا ہے اس کا نیلام عام 11 مئی 2010ء کمشنر آفس فیصل آباد میں ہوگا بظاہر تو یہ روٹین کا اشتہار تھا لیکن بادی النظر میں قادیانیوں اور ریونیو آفس کی ملی بھگت سے ایک خوف ناک سازش تھی جس کا مقصد سوائے اس کے کچھ نہ تھا کہ اسرائیل کی طرز پر چناب نگر کو ریاست کے اندر ایک ریاست بنادیا جائے جہاں ملکی قوانین کی پرواہ نہ کرنے کا ماحول ہو قادیانیوں اور ریونیو آفس سمیت سرکار کو یہ معلوم تھا کہ علاقے کا کوئی مسلمان اِس نیلامی میں شریک ہو کر مقابے میں شامل نہیں ہوسکے گا اِسی لئے اس سازش کے تانے بانے تیار کیے گئے اور بظاہر ضابطے پورے کرنے کے نام پر کوئی کسر نہ چھوڑی گئی قادیانی لابی نے بعض افسروں کا منہ بند کرنے کے لئے کئی حربے استعمال کیے ایک خطیر رقم مختلف ہاتھوں میں پہنچی ،مسلمانوں کو چناب نگر سے بے دخل کرنے اور غریب مزدور مسلمان جو پہاڑیوں کے دامن میں آباد ہیں کو دیس نکالا دینے کی اس سازش کو علماءِ ختمِ نبوت قاری شبیر احمد عثمانی (انٹرنیشنل ختمِ نبوت موومنٹ) ،مولانا محمد مغیرہ (مجلس احرارِ اسلام) ،مولانا غلام مصطفیٰ (عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوت) نے بھانپ لیا اور اس پر کام شروع کردیا مولانا محمد الیاس چنیوٹی ایم پی اے نے اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کیا دیگر اراکین قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی نے کوئی کردار ادا نہ کیا لوگ ان کا منہ تکتے رہے کارکنان ختمِ نبوت ان کی راہیں دیکھتے رہے مجاہدین ختمِ نبوت نے علاقے کے زعماء کا منہ تکنے کی بجائے بے سروسامانی میں اللہ کا نام لے کر اعلان کردیا کہ اِن شاء اللہ تعالیٰ یہ قادیانی سازش کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی ۔28۔اپریل کو احرار سنٹر مدنی مسجد چنیوٹ میں تمام مکاتب فکر کا ایک نمائندہ اجلاس بلایا گیا علماء کرام کو صورتحال کی سنگینی سے آگاہ کیا گیا تمام اخبارات نے تعاون کیا لیکن روز نامہ ''اسلام'' نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اِس سازش کو بے نقاب کرنے کے لئے حق ادا کردیا 30۔اپریل جمعتہ المبارک کو چناب نگر اڈا پر احتجاجی جلسہ ہوا مسلمان مزدوروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی قاری شبیر احمد عثمانی ،مولانا غلام مصطفیٰ ،قاری محمد ایوب چنیوٹی ،رانا ابرار حسین ،مولوی محمد طارق خان سرحدی، صاحبزادہ قاری محمد سلمان عثمانی اور دیگر حضرات نے احتجاجی بیانات کیے اور کہا کہ 15۔ایکٹر اراضی نیلامی کے نام پر قادیانیوں کو الاٹ نہیں کرنے

دیں گے 2 مئی اتوار کو مرکز خاتم النبیین (صلی اللہ علیہ وسلم) اہلحدیث چنیوٹ میں دینی جماعتوں اور مذہبی رہنماؤں کا مشترکہ اجلاس قاری محمد ایوب چنیوٹی کی میزبانی میں ہوا جس میں نامساعد حالات کے باوجود تحریک کے اصل ہدف سے پیچھے ہٹنے کے ہر آپشن کو مکمل طور پر مسترد کیا گیا اور یکجا ہو کر تحریک کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا قاری شبیر احمد عثمانی، مولانا محمد مغیرہ اور ان کے باہمت اور باوفا ساتھیوں نے صبر و استقامت کے ساتھ تحریک کو آگے بڑھانے میں دن رات ایک کر دیا صورتحال سے قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری اور راقم الحروف کو پوری طرح باخبر رکھا گیا اور باہمی مشاورت جاری رہی پورے غور و خوض کے بعد اعلان کیا گیا کہ 7- مئی کو جامع مسجد نور اسلام چناب نگر میں مشترکہ نماز جمعۃ المبارک ادا کی جائے گی اور احتجاجی اجتماع ہوگا چنانچہ قاری محمد یامین گوہر، مولانا ملک خلیل احمد، جماعت اسلامی کے رہنما نورالحسن شاہ، واجد علی ہاشمی، مولوی خان عابد حسین، مولانا محمد مغیرہ، قاری شبیر احمد عثمانی اور کئی دیگر حضرات نے احتجاجی تقاریر کیں اور اعلان کیا گیا کہ 10- مئی کو 10 بجے دن ڈی سی او آفس چنیوٹ کے سامنے مظاہرہ ہوگا اور 11- مئی کو سرگودھا روڈ کو بلاک کر دیا جائے گا ادھر مدنی مسجد چنیوٹ کے مرکز احرار میں مولانا محمد طیب چنیوٹی نے اجتماع کو منظم کیا اور قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری اور پروفیسر خالد شبیر احمد نے خطاب کیا اللہ نے دین کو عزت دی ہم عاجزوں کی خود لاج رکھی جس سے معلوم ہوا کہ امت پر نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نظر عنائت آج بھی ہے آج 10 مئی ہے اور ساڑھے نو بجے صبح ڈی سی او نے اِس نیلامی کی منسوخی کا اعلان کر کے ربوہ میں مسلمانوں کے خلاف ہونے والی اس سازش کو ناکام بنا دیا مرزائی کچھ بھی کر لیں اِن شاءاللہ تعالیٰ ناکامی و نامرادی اِن کا مقدر ہے ہم اِس موقع پر مجاہد ختمِ نبوت قاری شبیر احمد عثمانی، جناب مولانا محمد مغیرہ اور ان کے جملہ ساتھیوں کو مبارک باد بھی پیش کرتے ہیں اور خراج تحسین بھی جنہوں نے بعض ساتھیوں کی بے وفائی یا بے اعتنائی کے باوجود ''تحریک منسوخی نیلامی'' کو کامیابی سے ہمکنار کیا بصورت دیگر مجلس احرار اسلام نے علماء ختمِ نبوت کی مشاورت سے اِس پر مزید قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ بھی کر لیا تھا اور قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے اس کی منظوری بھی دے دی تھی مرکزی قادیانی عبادت گاہ ''اقصیٰ'' ''بیت المہدی'' ''دفتر صدر عمومی'' ''بیت بلال'' اور بلال مارکیٹ ریلوے پھاٹک ساتھ قادیانی عبادت گاہ بہشتی مقبرے کے ساتھ والے توسیعی قبرستان کے علاوہ اور کئی مقامات پر قادیانیوں کا ناجائز قبضہ ہے سرکاری انتظامیہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ اصل لیز کا مطالعہ و معائنہ کر کے موقع کا جائزہ لے اور فریقین کے مؤقف کو غیر جانبداری سے سنے تو بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں اور انتظامیہ پر بہت سے انکشافات ہوں گے امید ہے کہ تحریک ختمِ نبوت کے زعماء اس پہلو پر توجہ دیں گے اور جس طرح یہ تحریک قانون کے دائرے میں رہ کر کامیابی سے ہمکنار ہوئی ہے اِس انداز و اسلوب کو اختیار کیا جائے گا اور میڈیا کے ذریعے اپنی بات پوری دنیا تک پہنچانے کا اہتمام کیا جائے گا میرا یقین ہے کہ قائد تحریک ختمِ نبوت حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ جو 05- مئی کو ہم سب کو یتیم کر کے آخرت کا سفر فرما گئے ان کا مشن زندہ و تابندہ رہے گا ان کے انتقال کے بعد اس کامیابی پر ہم سمجھتے ہیں کہ یہ کامیابی بھی اُنہی کے اسلوب و تربیت کا اثر ہے اللہ کرے ہم سب مل جل کر ان کے تحفظ ختمِ نبوت کے مشن کو حقیقی معنوں میں آگے بڑھانے والے بن جائیں تاکہ روزِ قیامت جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہو جائے امین یا رب العالمین!


عبداللطیف خالد چیمہ

احرار میڈیا سینٹر جامع مسجد بلاک نمبر 12

چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

موبائل نمبر: 0300-6939453